پریس ریلیز

سیکرٹری پبلک پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب کا پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کے دفتر کا دورہ

لاہور، مورخہ 16 ستمبر 2024–جناب احمد عزیز تارڑ سیکرٹری پبلک پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب نے دفتر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کا دورہ کیا، اس موقع پر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے کہا کہ محکمے کے لیے یہ ایک اہم اور تاریخ ساز لمحہ ہے۔

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے سیکرٹری پراسیکیوشن کا گرمجوشی سے استقبال کیا اور خود اور اپنی ٹیم کی جانب سے انہیں ایک گلدستہ پیش کیا۔

یہ ملاقات ایک مثبت اور خوشگوار ماحول میں ہوئی۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے سیکرٹری پراسیکیوشن کو تفصیلی بریفنگ دی، اس موقع پر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کی ٹیم سے ڈاکٹر عثمان اقبال ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل نے پراسیکیوٹر جنرل آفس کے سیکشنز سے متعلق پریزنٹیشن بھی دی۔

ملاقات میں پراسیکیوشن سروس کے رولز، ٹائم سکیل سیلف اپ گریڈیشن کی پینڈنگ درخواستوں کو جلد نمٹانے، اور ایک مضبوط سروس اسٹرکچر کی تشکیل جیسے اہم مسائل پر روشنی ڈالی گئی۔ اس کے علاوہ، پراسیکیوشن کے لیے پروسیس سرونگ ایجنسی کی ضرورت اور پراسیکیوٹرز کی کپیسٹی بلڈنگ اور دیگر اہم امور پر بھی گفتگو کی گئی۔

سیکرٹری پراسیکیوشن نے ٹائم سکیل اپگریڈیشن، اور مظبوط سروس اسٹرکچر کی تشکیل کی اہمیت کو تسلیم کیا اور پراسیکیوٹرز کی صلاحیتوں کو بڑھانے کے لیے خصوصی پیشہ ورانہ تربیتی پروگراموں کے ذریعے پراسیکیوٹرز کی کپیسٹی بلڈنگ کے عزم کا اظہار کیا۔

سیکرٹری پراسیکیوشن نے یقین دلایا کہ اعلی معیار کے کام، ایمانداری، کارکردگی اور دیانتداری کو معیار بناتے ہوئے پراسیکیوٹرز میں میرٹ پر اعزازات دیے جائیں گے، جبکہ غفلت برتنے والوں کو بھی جوابدہ ٹھہرایا جائے گا۔ انہوں نے پراسیکیوٹرز کی صلاحیتوں پر اعتماد کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی کہ وہ اعلیٰ پیشہ ورانہ معیارات کو برقرار رکھیں گے۔

یہ ملاقات محکمہ کی مؤثریت کو بڑھانے، اپنے اراکین کی پیشہ ورانہ ترقی کی حمایت کرنے، اور اعلیٰ معیار کی شفافیت برقرار رکھنے کی جاری کوششوں کی عکاسی کرتی ہے۔

اس ملاقات میں پراسیکوٹر جنرل پنجاب نے سیکرٹری پراسیکیوشن کو آن لائن ہیرنگ کے حوالے سے بھی ڈیمو دیا جسے سیکرٹری پراسیکیوشن نے خوب سراہتے ہوئے کہا کہ یہ ایک نہایت احسن اقدام ہے جس سے پراسیکیوٹرز کا قیمتی وقت بھی بچے گا اور محکمہ کے اوپر ٹی اے ڈی اے کی مد میں اضافی بوجھ بھی ختم ہو گا۔

از دفتر:

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب

(انچارج میڈیا سیل)